**Series OSS**

Code No. **30**

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

Roll No. | | | | | | | |

- Please check that this question paper contains **6** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **10** questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attempting it.**
- 15 minutes time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the student will read the question paper only and will not write any answer on the answer script during this period.

# URDU (Elective)

# اُردو (الیکٹو)

*Time allowed : 3 hours* | *Maximum Marks : 100*

وقت : 3 گھنٹے | کل نمبر : ۱۰۰

۱. مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عبارت کو پڑھیے اور اُس سے متعلق سوالوں کے جواب لکھیے۔ ۱۵

"اب بھی ان کا خیال آتا ہے اور یاد آتا ہے کہ عالمی ادب یا انگریزی ادب پر میں نے اُنھیں چھیڑ دیا ہے اور وہ مسلسل بولے چلے جا رہے ہیں اور محسوس ہوتا کہ علم و دانش کا ایک سمندر اُبل رہا ہے۔ اُن کی ہمارے لئے اس وجہ سے بھی ہمیشہ ایک اہمیت رہے گی کہ بہار کی شناخت ہمارے جن جواہر سے اُردو دنیا کے خزانے میں ہوتی ہے اُن میں کلیم الدین احمد کی حیثیت کوہِ نور کی ہے۔ کلیم صاحب اصول تنقید پر زور دیتے تھے۔ متن اور شخصیت کے مطالعے پر اُن کا زور تھا جس سے ہم بہت کچھ حاصل کر سکتے ہیں۔ ان کی تنقید کا انداز کچھ Demolition Expert کا تھا جس کی ادب میں ضرورت بھی ہے اور اہمیت بھی۔ بت سازی سب کچھ نہیں، بت شکنی بھی ادبی اور تاریخی سائیکل کا جزوِ لاینفک ہے۔ احتساب اور گرفت کا فن ان پر ختم ہو گیا۔ اب ضرورت یہ ہے کہ ان کے کارناموں کی ایڈیٹنگ اور تلخیص کی جائے تاکہ کام کی باتیں ہم گرہ میں باندھ سکیں اور بقیہ کی حیثیت تاریخی رہ جائے۔"

(۱) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کا مصنف کون ہے؟

(ii) مصنف کو کس کا خیال آتا ہے اور کیوں ؟

(iii) وہ کون ہے جس کی شخصیت کو مِہ نور کی ہے اور اس کی وجہ کیا ہے ؟

(iv) ان لفظوں کے معنی لکھئے :

علم و دانش ، ثبت شکنی ، جزوِ لاینفک ، احتساب

(v) اس اقتباس کا مرکزی خیال چند جملوں میں لکھئے۔

— یا —

" نقلِ مکانی مجھے وراثت ہی میں ملی ہے۔ اب میں عارضی طور پر اس جگہ کی طرف لوٹ رہا ہوں جہاں میرے کئی بزرگوں اور عزیزوں نے آخری سانسیں لی تھیں۔ جس مکان میں میری ماں نے جان دی تھی اور جس کی شکل بھی مجھے یاد نہیں ہے کیونکہ تب میں صرف دو اڑھائی سال کا تھا۔ اسی مکان میں اسے پھر سے تلاش کروں گا۔ میں بھی اسی مکان میں پیدا ہوا تھا۔ لاہور میں جوان ہوا تھا اور وہاں سے میں جوان ہو کر ہی آیا تھا۔ اب چھپن برس کی عمر میں وہاں لوٹ رہا ہوں۔ میرے بچپن اور بڑھاپے کے درمیان عمر کا یہ فاصلہ کس قدر طویل ہو گیا تھا، جو اب ریل کی رفتار کے ساتھ لمحہ بہ لمحہ سمٹتا جا رہا ہے، کم ہوتا جاتا ہے، اسی فاصلے کو میں بے شمار بار خوابوں کی مدد سے آناً فاناً لانگھ گیا۔ خوابوں کے سامنے سرحدیں اور فاصلے کوئی اہمیت نہیں رکھتے۔ میں اپنے ماضی کے ساتھ اس لئے ابھی تک جُڑا رہا ہوں کہ وہ میرے خوابوں میں اپنی اصلی حالت میں ابھی تک موجود رہا ہے۔ میں نے اتنا عرصہ خوابوں کے ساتھ جینا سیکھا ہے۔ میں نے اپنے ماضی کو بھلانے کی کبھی کوشش کی تو یہ اچانک میری کسی نہ کسی کہانی میں گھس کر بیٹھ گیا۔ ماضی انسان کی پہچان بن جاتا ہے۔ یہ نہ ہو تو وہ بالکل اجنبی بن جائے۔ کسی دوسری ہی دنیا کا انسان جس کے پاؤں زمین کے ساتھ نہیں لگے ہوں گے۔ ماضی ہماری زمین ہے اور زمین ہی کے ساتھ ہم نے ہمیشہ گہرا رشتہ قائم رکھا ہے۔"

(i) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کا مصنف کون ہے ؟

(ii) نقلِ مکانی کے بارے میں مصنف کیا کہتا ہے ؟

(iii) "میرے بچپن اور بڑھاپے کے درمیان عمر کا یہ فاصلہ کس قدر طویل ہو گیا تھا" اس جملے کا مطلب لکھیے۔

(iv) خوابوں کے سامنے سرحدیں اور فاصلے کوئی اہمیت نہیں رکھتے، مصنف نے یہ کیوں کہا ہے۔؟

(v) ماضی کے بارے میں مصنف کا کیا خیال ہے ؟

2. مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔ 7

(i) شفیع جاوید کے افسانے "میں، وہ" میں بوڑھے کے کردار کی تصویر کشی کس طرح کی گئی ہے۔ اپنے لفظوں میں لکھیے۔

—یا—

(ii) اقبال مجید کے افسانے "سکون کی نیند" میں کس قسم کے مسائل بیان کئے گئے ہیں ؟ مختصراً روشنی ڈالئے۔

3. درج ذیل میں سے کسی دو کے مختصر جواب لکھیے۔ 8

(i) کنہیا لال کی طنز و مزاح نگاری

(ii) اخترالایمان کے سبق " اس آباد خرابے میں" کی روشنی میں بتائیے کہ ایک اچھی آپ بیتی میں کن باتوں کا بیان ہوتا ہے ؟

(iii) کرشن چندر کے رپورتاژ " پودے" کی خصوصیات۔

(iv) خواجہ حسن نظامی کی " انشائیہ نگاری" کی خصوصیات۔

4. درج ذیل میں سے کسی ایک حصّے کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 15

(i) عجب نظارہ تھا بستی کا اس کنارے پر
سبھی بچھڑ گئے دریا سے پار اُترتے ہوئے

(ii) آنکھوں میں چھپائے پھر رہا ہوں
یادوں کے بجھے ہوئے سویرے

(iii) جب لگیں زخم تو قاتل کو دُعا دی جائے
ہے یہی رسم تو یہ رسم اُٹھا دی جائے

(iv) منزلِ عشق پر یاد آئیں گے کچھ راہ کے غم
مجھ سے لپٹی ہوئی کچھ گردشِ سفر بھی ہوگی

(v) اوّل شب وہ بزم کی رونق، شمع بھی تھی پروانہ بھی
رات کے آخر ہوتے ہوتے ختم تھا یہ افسانہ بھی

— یا —

تونے لاکھوں بہاریں دیکھی ہیں
اب کی اس ملک کی بہار ہے اور
وردیاں گونجتی ہیں نعروں سے
سازِ و آہنگ آبشار ہے اور
قافلہ انقلاب کا ہے رواں
بج رہی ہے خوشی کی شہنائی
زلزلوں سے دہل رہی ہے زمیں
لے رہے ہیں پہاڑ انگڑائی
سُلگ اُٹھی ہے انتقام کی آگ
برف کی چوٹیاں دہکتی ہیں
ظلم اور جبر کے اندھیرے میں
سیکڑوں بجلیاں چمکتی ہیں

7 5. مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک پر سَو لفظوں میں اپنے خیال کا اظہار کیجئے۔
(i) شفیق فاطمہ کی نظم "یادنگر" کا مرکزی خیال اپنے لفظوں میں لکھیے۔
(ii) عمیق حنفی کی نظم "ملکِ بے سحر و شام" کا خلاصہ اپنی زبان میں لکھیے۔

6. درج ذیل میں سے صرف دو کے جواب لکھیے۔ 8

(i) علی سردار جعفری کی شاعرانہ خصوصیات

(ii) ن۔م۔ راشد کی نظم " زندگی سے ڈرتے ہو" کی روشنی میں اُن کی نظم نگاری کی خصوصیات بیان کیجیے۔

(iii) جدید غزل کے نمائندہ شاعر کی حیثیت سے راجندر منچندا بانی کی شاعری کی خصوصیات پر روشنی ڈالیے۔

(iv) ناصر کاظمی اور جدید اُردو غزل

7. درج ذیل میں سے کسی ایک پر نوٹ لکھیے۔ 4

(i) منشی پریم چند کے ناول " بیوہ" کا مرکزی خیال مختصراً لکھیے۔

(ii) آغا حشر کاشمیری کے ڈرامے "یہودی کی لڑکی" کا قصہ مختصراً بیان کیجیے۔

8. مندرجہ ذیل میں سے صرف دو کے مختصر جواب لکھیے۔ 6

(i) موٹر کو دیکھ کر مصنف کو کیا خیال آیا اور وہ کیا سوچنے لگا۔ ؟

(ii) نرمل ورما نے سیر و سیاحت کے دوران مسافر کی جن کیفیات کا ذکر کیا ہے انھیں اپنے لفظوں میں بیان کیجیے۔

(iii) " جنم دن" افسانے کے مرکزی کردار کی معاشی تنگدستی کا حال اپنے لفظوں میں لکھیے۔

(iv) چیروریا کوف کو ایک صاحبِ اخلاق انسان کیوں کہا گیا ہے ؟

9. درج ذیل میں سے کسی دو پر مفصل اظہار خیال کیجیے۔ 20

(i) اُردو کی ابتدا سے متعلق اوّلین نظریات

(ii) فورٹ ولیم کالج اور دہلی کالج کی ادبی خدمات کا بنیادی فرق

(iii) سرسید تحریک

(iv) انیس کے حوالے سے دبستانِ لکھنؤ کی شاعری کی خصوصیات

۱۰. مندرجہ ذیل میں سے صرف چار پر مختصر تعارفی نوٹ لکھیے ۔ 20

(i) اُردو میں بچوں کے ادب کی افسوسناک کمی !

(ii) غالب کے خطوط کی خصوصیات

(iii) اُردو غزل ہمیشہ زندہ والی صنف ہے ، کیوں ؟

(iv) سفرنامہ کی تعریف اور اس کی خصوصیات

(v) اُردو میں افسانہ نگاری کا فن

(vi) نظم اور طویل نظم کا بنیادی فرق

(vii) اُردو میں انشائیہ کی ابتدا اور اس کی خصوصیات